راج شری پروڈکشن کا

दोस्ती

دوستی

اداکاران

سدھیر . سوشیل کمار

بھٹا چاریہ

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

دوستی فلم کے

گانا نمبر ۱

جانے والی ذرا مڑ کے دیکھو مجھے
ایک انسان ہوں میں تمہاری طرح
جس نے سب کو رچا اپنے روپ سے
اس کی پہچان ہوں میں تمہاری طرح
اس انوکھے جگت کی میں تقدیر ہوں
میں ودھاتا کے ہاتھوں کی تصویر ہوں
اس جہاں کے لئے دھرتی ماں کے لیے
شیو کا وردان ہوں میں تمہاری طرح
جانے والی ذرا.....

من کے اندر چھپائے ملن کی لگن
اپنے سورج سے ہوں ایک بچھڑی کرن
پھر رہا ہوں بھٹکتا میں یہاں سے وہاں
اور پریشان ہوں میں تمہاری طرح
جانے والی ذرا ——

میرے پاس آؤ چھوڑو یہ سارا بھرم
جو میرا دکھ وہی ہے تمہارا بھی غم
دیکھتا ہوں تمہیں جانتا ہوں تمہیں

مانجھی انجان ہوں میں تمہاری طرح
جانے والی ذرا ....

گانا نمبر ۳ ۔ دُکھ ہو یا سُکھ

جب سدا سنگ رہے نا کوئے
پھر دُکھ کو اپنا ئیے
کہ جائے تو دُکھ نا ہوئے
راہی منوا دُکھ کی چنتا کیوں ستاتی ہے
دُکھ تو اپنا ساتھی ہے
سُکھ ہے ایک چھاؤں ڈھلتی
آتی ہے جاتی ہے
دُکھ تو اپنا ساتھی ہے
دور ہے منزل دور سہی
پیار ہمارا کیا کم ہے
پگ میں کانٹے لاکھ سہی
پر یہ سہارا کیا کم ہے
ہمراہ تیرے کوئی اپنا تو ہے
سُکھ ہے ایک چھاؤں ڈھلتی
آتی ہے جاتی ہے۔
دُکھ تو اپنا ساتھی ہے
دُکھ ہو کوئی تب جلتے ہیں
پتھ کے دیپ نگاہوں میں

اتنی بڑی اس دنیا کی
لمبی اکیلی راہوں میں
ہمراہ تیرے کوئی اپنا تو ہے
سکھ ہے ایک چھاؤں ڈھلتی
آتی ہے جاتی ہے
دکھ تو اپنا ساتھی ہے

گانا نمبر ۳۔ گڈ با ہم سے رو ٹھی رہو گی
کب تک نہ ہنسو گی
دیکھو جی کرن سی لہرائی
آئی رے آئی رے ہنسی آئی
چمکی چمکی پلکوں میں آکے
دیکھو گپ چپ آنکھوں میں آکے
تمہاری ہنسی گپ چپ آنکھوں میں جھانکے
پھر بھی انکھیاں بند کرو گی
کب تک نہ ہنسو گی
ابھی ابھی آنکھوں میں چل کے
ابھی کچھ کچھ ہونٹوں پہ چھلکے
تمہاری ہنسی کچھ کچھ ہونٹوں پہ چھلکے
پھر بھی منہ پہ ہاتھ دھرو گی
کب تک نہ ہنسو گی
دیکھو جی کرن سی لہرائی

آئی رے آئی رے ہنسی آئی

گانا نمبر ۴:۔ چاہوں گا مَیں تجھے سانجھ سویرے
پھر بھی کبھی اب نام کو تیرے
آواز میں دوں گا
دیکھ مجھے سب ہے پتہ
سُنتا ہے تو من کی صدا
مِتوا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میرے پیار
تجھ کو بار بار
آواز میں نہ دوں گا
درد بھی تُو چین بھی تُو
درس بھی تُو میں بھی تُو مِتوا ۔ ۔ ۔ میرے پیار
تجھ کو بار بار
آواز میں نہ دوں گی

گانا نمبر ۵:۔ میرا جو بھی قدم ہے
وہ تیری راہ میں ہے
کہ تُو کہیں بھی رہے تُو میری نگاہ میں ہے
کھرا ہے درد کا رشتہ تو پھر جُدائی کیا
جُدا تو ہوتے ہیں وہ
کھوٹ جن کی چاہ میں ہے
چھپا ہوا سا مجھی میں ہے
تُو کہیں اے دوست

میری ہنسی میں نہیں ہے
تو میری آہ میں ہے

گانا نمبر۹:۔ کوئی جب نہ راہ پائے۔ میرے سنگ آئے
کہ پگ پگ دیپ جلائے
میری دوستی میرا پیار

جیون کا یہی ہے دستور
پیار بنا اکیلا مجبور
دوستی کو مانے تو سب دکھ دور
میرے سنگ آئے

دونوں کے ہیں روپ ہزار
پر میری سنے جو سنسار
دوستی ہے بھائی تو بہانہ ہے پیار
کوئی مت چین چرائے
میرے سنگ آئے

پیارا کا ہے پیارا نام
کہیں میراں کہیں گھنشیام
دوستی کا بارد نہیں کوئی دھام
کوئی نہیں دور نہ جائے
میرے سنگ آئے

ختم شد

عملیات تعویذات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	عملیات لیشی کرن	2/-/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	اندرجال	1/8/-
عملیات قلوب	2/-/-	استاد جادوگراں	3/-/-
مکمل جادوگری	2/8/-	جادو مسمریزم	2/-/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	4/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	الو تنتر	3/-/-
رینا جادوگری	1/4/-	کوا تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	نقش روحانی	-/12/-
تعویذ سلیمانی	1/-/-	كنزالمجبس	2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	2/-/-	قیامت نامہ	-/8/-
قصص الانبیاء	3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	" " مکمل	8/-/-
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	ضرورت المسلمین	-/6/-
قصہ حضرت ایوب	-/8/-	جہیز فاطمہ	-/8/-
معراج رسول	-/4/-	نماز کا پھل	-/3/-

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

آسان اُردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۱ ا ہ محصولڈاک معاف

اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اُردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف -/8/1 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی